پریس ریلیز

گوجرانوالہ28فروری 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے مشترکہ بیان میں کہا کہ عالمی منڈیوں میں پاکستانی خصوصاً گوجرانوالہ کی مصنوعات اپنا مقام کھورہی ہیں جس کے براہ راست منفی اثرات ملکی معیشت پر اثرانداز ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر بیرون ممالک تعینات پاکستانی کمرشل قونصلر اپنا مثبت رول ادا کریں اور وہاں کی مطلوبہ مصنوعات کے بارے میں چیمبرز کو بروقت معلومات فراہم کریں تو ہماری انڈسٹری کے پاس بہت زیادہ پوٹنشل ہے ان کی اس کاوش سے نہ صرف ہم اپنی ایکسپورٹ میں خاطرخواہ اضافہ کرسکتے ہیں بلکہ اپنی مصنوعات کی بہترین کوالٹی سے کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو موجودہ معاشی اور کاروباری صورتحال میں بزنس فرینڈلی پالیسیاں دینے کی ضرورت ہے۔سستی بجلی، گیس اور ٹیکسوں میں چھوٹ دیکر صنعت کا پہیہ کامیابی سے چلایا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ انڈسٹریل مسائل کو کم کرنے کیلئے بزنس کمیونٹی کا دیرینہ مطالبہ ہے کہ ون ونڈو آپریشن کو فروغ دیا جائے۔علاوہ ازیں اوورسیز پاکستانیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے کاروباری سازگار ماحول کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ان کا اعتماد بحال ہو اور وہ سرمایہ کاری کرسکیں۔